## نویں مناجات　　بِسْمِ اللهِ الرَّحْمنِ الرَّحِيمِ　　مناجات محبین

خدا کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

إِلهِي مَنْ ذَا الَّذِي ذاقَ حَلاوَةَ مَحَبَّتِکَ فَرامَ مِنْکَ بَدَلاً وَمَنْ ذَا الَّذِي أَنِسَ بِقُرْبِکَ فَابْتَغى

میرے معبود کون ہے جو تیری محبت کی شیرینی کا مزہ چکھے اور پھر اس میں تبدیلی کی خواہش کرے اور کون ہے جو تیری نزدیکی سے

عَنْکَ حِوَلاً؟ إِلهِي فَاجْعَلْنا مِمَّنِ اصْطَفَيْتَهُ لِقُرْبِکَ وَوِلايَتِکَ، وَأَخْلَصْتَهُ لِوُدِّکَ وَمَحَبَّتِکَ،

مانوس ہو اور پھر اس سے دوری چاہے میرے معبود مجھے ان لوگوں میں قرار دے جن کو تو نے قرب و دوستی کے لیے پسند فرمایا

وَشَوَّقْتَهُ إِلَى لِقائِکَ، وَرَضَّيْتَهُ بِقَضائِکَ، وَمَنَحْتَهُ بِالنَّظَرِ إِلَى وَجْهِکَ، وَحَبَوْتَهُ بِرِضاکَ،

اور جن کے لیے اپنی چاہت اور محبت کو خالص کیا ہے جنہیں اپنی ملاقات کا شوق دلایا ہے اور جن کو اپنی قضا پر راضی کیا اور اپنی ذات

وَأَعَذْتَهُ مِنْ هَجْرِکَ وَقِلاکَ، وَبَوَّأْتَهُ مَقْعَدَ الصِّدْقِ فِي جِوارِکَ وَخَصَصْتَهُ بِمَعْرِفَتِکَ

کا نظارہ کرنے کا شرف بخشا ہے جنہیں اپنی رضا سے نوازا ہے خود سے دوری اور علیحدگی سے پناہ میں رکھا ہے اور اپنی خوشنودی کے مقام کے

وَأَهَّلْتَهُ لِعِبادَتِکَ وَهَيَّمْتَ قَلْبَهُ لِإِرادَتِکَ وَاجْتَبَيْتَهُ لِمُشاهَدَتِکَ، وَأَخْلَيْتَ وَجْهَهُ لَکَ،

قریب رکھا ہے اور انہیں اپنی معرفت کے لیے خاص کیا اپنی عبادت کا اہل بنایا ان کے دلوں میں اپنی ارادت پیدا کیا وران کو اپنے جلووں کے مشاہدے

وَفَرَّغْتَ فُؤادَهُ لِحُبِّکَ، وَرَغَّبْتَهُ فِيما عِنْدَکَ، وَأَلْهَمْتَهُ ذِکْرَکَ، وَأَوْزَعْتَهُ شُکْرَکَ، وَ

کے لیے چن لیا ان کے چہروں کو اپنے حضور جھکایا ان کے دلوں کو اپنی محبت کیلئے فارغ کیا اور جو کچھ تیرے پاس ہے اس کی چاہت دی انہیں اپنا ذکر تعلیم کیا

شَغَلْتَهُ بِطاعَتِکَ، وَصَيَّرْتَهُ مِنْ صالِحِي بَرِيَّتِکَ، وَاخْتَرْتَهُ لِمُناجاتِکَ، وَقَطَعْتَ عَنْهُ کُلَّ

ان کو اپنے شکر کی توفیق دی اور اپنی اطاعت میں مشغول کیا انہیں اپنی نیک مخلوق میں سے قرار دیا اور انہیں اپنی مناجات کے لیے چنا تو نے ان سے وہ تمام

شَيْءٍ يَقْطَعُهُ عَنْکَ. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنا مِمَّنْ دَأْبُهُمُ الارْتِياحُ إِلَيْکَ وَالْحَنِينُ، وَدَهْرُهُمُ الزَّفْرَةُ

چیزیں الگ کر دیں جو انہیں تجھ سے جدا کر سکتی تھیں اے معبود ہمیں ان لوگوں میں قرار دے جو تیری بارگاہ کا شوق وخوشدلی رکھتے ہیں جن کی زندگی آہ وزاری

وَالْأَنِينُ، جِباهُهُمْ ساجِدَةٌ لِعَظَمَتِکَ، وَعُيُونُهُمْ ساهِرَةٌ فِي خِدْمَتِکَ، وَدُمُوعُهُمْ سائِلَةٌ مِنْ

سے عبارت ہے ان کی پیشانیاں تیری بڑائی کے آگے جھکی ہوئی ہیں ان کی آنکھیں تیرے حضور بیدار رہتی ہیں تیرے خوف میں ان کے آنسو رواں ہیں

urdu.duas.org

خَشْيَتِکَ وَقُلُوبُهُمْ مُتَعَلِّقَةٌ بِمَحَبَّتِکَ وَأَفْئِدَتُهُمْ مُنْخَلِعَةٌ مِنْ مَهَابَتِکَ يَا مَنْ أَنْوارُ قُدْسِهِ

انکے دل تیری محبت میں لگے بندھے ہیں ان کے باطن تیرے رعب سے پگھلے ہوئے ہیں اے وہ جس کی پاکیزگی کے انوار محبوں

لاَِبْصَارِ مُحِبِّيهِ رَائِقَةٌ، وَسُبُحَاتُ وَجْهِهِ لِقُلُوبِ عَارِفِيهِ شَائِقَةٌ، يَا مُنَىٰ قُلُوبِ الْمُشْتَاقِينَ وَيَا

کو بھلے لگتے ہیں اور اس کی ذات کے جلوے سے عارفوں کے دلوں کو کھولنے والے ہیں اے شوق رکھنے

غَايَةَ آمَالِ الْمُحِبِّينَ أَسْأَلُکَ حُبَّکَ، وَحُبَّ مَنْ يُحِبُّکَ، وَحُبَّ کُلِّ عَمَلٍ يُوصِلُنِي إِلَىٰ قُرْبِکَ،

والے دلوں کی آرزو اے محبوں کے ارمانوں کی انتہا میں تجھ سے تیری محبت اور تجھ سے محبت کرنے والوں کی محبت مانگتا ہوں اور ہر اس عمل کی محبت جو مجھے

وَأَنْ تَجْعَلَکَ أَحَبَّ إِلَيَّ مِمَّا سِوَاکَ، وَأَنْ تَجْعَلَ حُبِّي إِيَّاکَ قَائِداً إِلَىٰ رِضْوَانِکَ، وَشَوْقِي

تیرے نزدیک کرنے والا ہے میں چاہتا ہوں کہ دوسروں سے زیادہ اپنی ذات کو میرا محبوب بنا اور یہ کہ میں تجھ سے جو محبت کرتا ہوں اسے میرے لیے دخول

إِلَيْکَ ذَائِداً عَنْ عِصْيَانِکَ، وَامْنُنْ بِالنَّظَرِ إِلَيْکَ عَلَيَّ، وَانْظُرْ بِعَيْنِ الْوُدِّ وَالْعَطْفِ إِلَيَّ،وَلَا تَصْرِفْ

جنت کا ذریعہ بنا اور تیرے لیے میرا جو شوق ہے اسے نافرمانیوں سے مانع بنا اور اپنی نظر عنایت کر کے مجھ پر احسان فرما مجھ کو نرمی اور محبت کی نظروں سے دیکھ

عَنِّي وَجْهَکَ،وَاجْعَلْنِي مِنْ أَهْلِ الْإِسْعَادِ وَالْحَظْوَةِ عِنْدَکَ، يَا مُجِيبُ، يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

اور مجھ سے اپنی توجہ نہ ہٹا مجھے اپنے نزدیک اہل سعادت اور بہرہ مندوں میں قرار دے اے دعا قبول کرنے والے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

urdu.duas.org